# Sample Question Paper 2023-24

Subject : Urdu – Elective

Class : XII

Code : 003

Time : 3:00hrs Maximum Marks : 80

## (حصہ الف)

**سوال نمبر 1– مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے مناسب جواب تلاش کر لکھئے۔** 10

"اب پوچھو کہ تو کیوں مسکن قدیم میں بیٹھا رہا۔ صاحب بندہ! میں حکیم محمد حسن خان کے مکان میں نو، دس برس سے کرائے پر رہتا ہوں اور یہاں قریب کیا بلکہ دیوار بہ دیوار میں گھر حکیموں کے وہ نوکر ہیں راجا نریندر سنگھ بہادر والی پٹیالہ کے راجا نے صاحبان عالی شان سے عہد لے لیا تھا کہ بروقت غارت دہلی یہ لوگ بچ رہے۔ چنانچہ بعد فتح راجا کے سپاہی یہاں بیٹھے اور یہ کوچہ محفوظ رہا ورنہ میں اور یہ شہر کہاں۔ مبالغہ نہ جاننا۔ امیر غریب سب نکل گئے۔ جو رہ گئے تھے وہ نکالے گئے۔ جاگیر دار پیشن دار، دولت مند، اہل حرفہ، کوئی بھی نہیں ہے۔ مفصل حال لکھتے ہوئے ڈرتا ہوں۔

1– مسکن قدیم کے معنی کیا ہیں ؟

2– مصنف کس کے مکان پر کرائے پر رہتا ہے ؟

3– مصنف کے گھر کے پاس کن لوگوں کے گھر تھے ؟

4– مصنف کا کوچہ کیوں محفوظ رہا؟

5– صاحبان عالی شان سے کیا مراد ہے ؟

**یا**

خوجی میں ایک دنیادار آدمی کا تدبر بھی ہے میاں آزاد بیمار ہوتے ہیں۔ حکیم صاحب جو انھیں دیکھنے آتے ہیں وہ نیم حکیم ہیں خوجی ایک تمدنی مرکز سے تعلق رکھنے کی وجہ سے انھیں بھانپ لیتا ہے اور قرولی کی دھمکیوں سے انھیں بھگا کر خود نسخہ لکھتا ہے سرا میں ایک قتل ہو جاتا ہے تو خوجی ہی تدبیر بتاتا ہے کہ کس طرح وہ اور اسکے ساتھی اپنی بے گناہی ثابت کر سکتے ہیں۔ اس میں اتنی سمجھ ہے کہ وہ داروغہ کی رشوت میں شریک ہو جائے اور بہروپیے کی شرارتوں کا بدلہ اس کی بیوی سے لے خوجی کی اکڑ جس سے اسے کافی نقصان ہوتا ہے اس کے احساس برتری کی مظہر ہے وہ اپنا نام کم سے کم مفتی خواجہ بدیع صاحب علیہ الرحمتہ والغفران بتاتا ہے ہار جانے کے بعد ہار نہیں مانتا۔ مار کھانے کے بعد اپنی قرولی کو ضرور یاد کرتا ہے اگر وہ ایسا نہ ہوتا تو "فسانہ آزاد" کی شکل ہی کچھ اور ہوتی کیونکہ وہی ہے جو اس طویل کتاب کو خشک ہونے سے بچالیتا ہے۔

1– خوجی نیم حکم کو دیکھ کر کیا کرتا ہے ؟

2– خوجی کی اکڑ سے اسے کیا نتیجہ ملتا ہے, اور وہ کس کا مظہر ہے ؟

3– خوجی اپنا کیا نام بتاتا ہے ؟

4– فسانہ آزاد جیسی طویل کتاب میں اگر خوجی کا کردار شامل نہ کیا گیا ہوتا تو کیا ہوتا؟

5– دنیادار اور تدبر کے معنی لکھئے۔

**سوال نمبر2۔درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھئیے۔** 5

1–مرزا غالب کی مکتوب نگاری پر ایک مختصر نوٹ لکھئیے۔

2–پیروڈی کے فن پر کلیم الدین احمد کے خیالات کیا ہیں ؟

**سوال نمبر3۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھئیے۔** 5

1–خوجی اور آزاد کے کرداروں میں کیا مطابقت ہے ؟

2–سبق مچھر میں انسان کو کیا نصیحت کی گئی ہے ؟

3–قرۃالعین حیدر کی افسانہ نگاری کی خصوصیت تحریر کیجئے۔

4–اپنے ماضی کے بارے میں رام لعل نے جو باتیں لکھی ہیں انھیں اپنے الفاظ میں لکھئیے۔

**سوال نمبر4۔درج ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس پر مشتمل سوالوں کے جواب لکھئیے۔** 10

"اب بھاگتے ہیں سایہ عشق بتاں سے ہم۔ — کچھ دل سے ہیں ڈرے ہوئے کچھ آسماں سے ہم

خود رفتگی شب کا مزہ بھولتا نہیں۔ — آئے ہیں آج آپ میں یارب کہاں سے ہم

اب شوق سے بگاڑ کی باتیں کیا کرو– — کچھ پاگئے ہیں آپ کی طرز بیاں سے ہم

دلکش ہر ایک قطعہ صحراء ہے راہ میں۔ — ملتے ہیں جا کے دیکھئے کب کارواں سے ہم

لذت ترے کلام میں آئی کہاں سے یہ۔ — پوچھیں گے جا کے حالی جادو بیاں سے ہم"

1–اس غزل کے شاعر کون ہیں ؟

2–دوسرے شعر میں کسی صنعت کا استعمال ہوا ہے ؟

3–تیرے شعر میں شوق سے مراد کیا ہے ؟

4–اس غزل میں ردیف کیا ہے ؟

5–پانچویں شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے ؟

**سوال نمبر5–درج ذیل میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھئے۔** 5

1–نظم "روح ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے "میں علامہ اقبال نے کیا پیغام دیا ہے ؟

2–نظم "گور غریباں "کا مرکزی خیال لکھئیے۔

**سوال نمبر6–مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب مطلوب ہیں؟** 5

1–علامہ اقبال کے دو شعری مجموعوں کے نام لکھئے۔

2–زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہو گی۔ — شام آئی ہے تو آئے سحر بھی ہو گی۔

اس شعر کی تشریح کیجئے۔

3–صنعت تعلی کیا ہے۔ایک مثال بھی دیجئے۔

4–تعمیر خودی کا کیا مطلب ہے؟

**سوال نمبر 7– مندرجہ ذیل میں سے صرف ایک کا جواب لکھئے۔** 4

1– ویکوم محمد بشیر کے حالات زندگی پر روشنی ڈالئے۔

2– پطرس بخاری کی طنز و مزاح نگاری کا جائزہ لیجئے۔

**سوال نمبر 8– درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جوابات لکھئے۔** 6

1– افسانے کا عنوان جنم دن کیوں رکھا گیا وضاحت کیجئے۔

2– نرمل ورما کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

3– چیرویا کوف کی موت کا سبب کیا ہے؟

4– افسانہ نگار نے بوڑھے مچھوارے کی تصویر کشی کس انداز میں کی ہے۔

## (حصہ ب)

**سوال نمبر 9– درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے تفصیلی جواب لکھیئے۔** 3x5=15

1– سر سید تحریک پر ایک نوٹ لکھیئے۔

2– ترقی پسند تحریک کا جائزہ لیجئے۔

3– فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات پر ایک نوٹ لکھئے۔

4– دبستان دہلی اور دبستان لکھنو کے امتیازات لکھئے۔

**سوال نمبر 10– درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔** 10

1– مرزا اسد اللہ خان غالب کی خطوط نگاری کی خصوصیات لکھئے۔

2– علامہ اقبال کی شاعری کے امتیازات لکھیئے۔

**سوال نمبر 11۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے معروضی جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کر کے لکھیے۔** 5x1=5

1– میر امن کا تعلق کس ادارے سے تھا؟

(A) قدیم دلی کالج (B) فورٹ ولیم کالج (C) انجمن پنجاب (D) دارالمصنفین

2– مندرجہ ذیل میں سے کس شاعر کا تعلق ترقی پسند تحریک سے ہے؟

(A) ظفر اقبال (B) فیض احمد فیض (C) ناصر کاظمی (D) احمد مشتاق

3– اردو کس بولی سے نکلی ہے؟

(A) کھڑی بولی (B) برج بھاشا (C) قنوجی (D) پنجابی

4– سر سید احمد خان کو سر کا خطاب کب ملا؟

(A) 1878 (B) 1870 (C) 1890 (D) 1885

5– آثار الصنادید کس کی تصنیف ہے؟

(A) مولوی ذکاء اللہ (B) ڈپٹی نذیر احمد (C) سر سید احمد خان (D) شبلی نعمانی